http://www.dailymashriq.com.pk

اللہ ہی کیلئے ہیں مشرق و مغرب  القرآن

DAILY MASHRIQ PESHAWAR

روزنامہ مشرق پشاور

عہد نو کے بانی
سید تاج میر شاہ

مسلسل اشاعت کے 59 سال

ABC CERTIFIED
پشاور اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

جلد 59 | بدھ 10 ذی الحجہ 1447ھ 27 مئی 2026ء 13 جیٹھ قیمت 30 روپے | شمارہ 145

روزنامہ مشرق مورخہ 27/5/2026

از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر پشاور

# اشتہار نیلامی ٹھیکہ جات

## برائے مالی سال 2026-27 بذریعہ E-AUCTION پہلی بار

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر صوبائی حکومت / لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کی نئی پالیسی / شرائط و ضوابط موصول شدہ بذریعہ نوٹیفیکیشن نمبر AOII/LCB/6/11/2026 مورخہ 07/05/2026 کے تحت اپنے درجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال 2026-27 از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 بذریعہ آن لائن بولی (E-Auction) نیلام کرنا چاہتی ہے۔ دلچسپی رکھنے والے خواہشمند حضرات / فرمز جو کہ سال 2026/27 کے لیے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا سے متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں، اپنی بولی آفر لوکل کونسل بورڈ کی ای آکشن ویب سائٹ (https://cfmis.lgkp.gov.pk/auction/bidder/login/) پر دے سکتے ہیں۔ آن لائن بولی تین دن یعنی بروز پیر صبح 9:00 بجے سے لیکر بروز بدھ سہ پہر 04:00 بجے تک مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق ہوگی۔

### شیڈول نیلامی

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زر بیعانہ | میعاد ٹھیکہ | نیلامی کی تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | کنزروینسی کول فیس | -/350,000 روپے | از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 | 22 تا 24 جون 2026 |
| 2 | پارکنگ سٹینڈ فیس تختی | -/32,000 روپے | ایضاً | ایضاً |
| 3 | ایڈورٹائزمنٹ / سائن بورڈ فیس | -/200,000 روپے | ایضاً | ایضاً |

### شرائط و ضوابط:۔

1- یہ کہ نیلامی میں وہ حضرات / فرمز حصہ لے سکتے ہیں جنہوں نے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کے ساتھ سال 2026-27 کے لیے متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹریشن کی ہو اور مقرر شدہ زر بیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور آن لائن بولی دینے سے دو دن قبل لوکل کونسل بورڈ کی ویب سائٹ پر اس کی تفصیل درج کریگا۔ ویب سائٹ پر دی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیلات غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جائیگا۔ آن لائن بولی کا ٹائم ختم ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ 24 گھنٹوں کے اندر اندر مذکورہ کال ڈیپازٹ ہمراہ تصدیق شدہ نقل قول شناختی کارڈ اور لائسنس رجسٹریشن ودیگر ضروری دستاویزات جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

2- یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کل رقم ٹھیکہ کا 15% پندرہ فیصد زر پیشگی اور پانچ فیصد زر ضمانت اگلے دو یوم کے اندر دفتر اوقات کار تک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ جس میں 15% پندرہ فیصد زر پیشگی کی مجرائی ٹھیکہ کی آخری قسط میں کی جائیگی مزید 5% پانچ فیصد زر ضمانت کی واپسی، حساب کتاب کی بے باکی کے بعد کی جائیگی زر ضمانت و زر پیشگی بروقت جمع نہ کرنے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائیگی اور کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کی جائیگی۔ مزید برآں صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) کو پہلے جمع شدہ سیکیورٹی ضبط کرنے کی سفارش بھی کی جائے گی اور ٹھیکہ دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والے کو کامیاب بولی دہندہ کی قیمت پر پیش کی جائیگی۔

3- یہ کہ جو فیس سالانہ وصول ہوتی ہے (ایڈورٹائزمنٹ فیس) کے لیے کامیاب بولی دہندہ کل رقم کا 50% رقم بطور زر پیشگی اور زر ضمانت اگلے دو یوم کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں جمع کروانے کا پابند ہوگا اور باقی 50% فیصد رقم تین مساوی اقساط پہلے تین مہینوں یعنی جولائی، اگست اور ستمبر میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

4- یہ کہ کسی بھی بلدیاتی ادارے کا بقایادار / فرم نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔

5- یہ کہ ٹھیکہ کی رقم کی علاوہ کامیاب بولی دہندہ حکومت کی طرف سے منظور شدہ شرح کے مطابق فیس وصول کریگا اور لاگو شدہ انکم ٹیکس شق نمبر 236-A فنانس ایکٹ 2018ء کے تحت کامیاب بولی دہندہ کی رقم کے علاوہ مقررہ شرح کے حساب سے جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اگر اسی دوران ٹھیکہ صوبائی یا مرکزی حکومت کی طرف سے مزید کسی قسم کا ٹیکس نافذ کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ اسی شرح کے مطابق ٹیکس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

6- یہ کہ کنزروینسی فیس کے لیے کامیاب بولی دہندہ دو عدد پانی کے ٹینکر کا بندوبست کریگا تاکہ پشاور ہائیکورٹ کے احکامات کے مطابق مذکورہ علاقے / سڑکوں پر روزانہ کی بنیاد پر پانی کے چھڑکاؤ کا اہتمام کریگا اور ان واٹر ٹینکرز کے ذریعے ٹی ایم اے بڈھ بیر کی جانب سے لگائے گئے پودوں کو پانی فراہم کرنے کا پابند ہوگا ٹینکرز کے دستاویزات زر بیعانہ اور زر پیشگی کے ساتھ جمع کروانے ہونگے بصورت دیگر ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا۔

7- یہ کہ ٹھیکہ کنزروینسی فیس کے لیے کامیاب بولی دہندہ روڈ کے ساتھ ہر کولیکشن پوائنٹس کے قیام کے لیے ۳ سے ۴ کنال اراضی (ذاتی یا کرایہ پر) کا بندوبست خود کریگا اور مین روڈ پر وصولی نہیں کریگا۔

8- یہ پارکنگ سٹینڈ فیس تختی کے لیے بولی دہندہ کے پاس کم از کم ۲ کنال اراضی دستیاب ہونی چاہیے اور اس کے دستاویزات زر پیشگی و زر ضمانت کے ساتھ جمع کروانے ہونگے۔

9- یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کا قبضہ اس وقت تک نہیں دیا جائیگا جب تک اس نے کل رقم ٹھیکہ کا زر پیشگی اور زر ضمانت داخل خزانہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور نہ کیا ہو۔

10- یہ کہ دوران آن لائن بولی غیر معمولی / غیر حقیقی بولی دینے والے ٹھیکہ دار کی وجہ سے تاخیر کے سبب مذکورہ ٹھیکہ کی محکمانہ وصولی میں نقصان کی رقم کے ساتھ ساتھ اشتہارات چارجز کی رقم بھی وصول کی جائیگی!

11- یہ کہ مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر کسی ایک یا تمام بولی کو مسترد کرے۔

12- یہ کہ ٹھیکہ دار لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کی طرف سے آن لائن نیلامی کی شرائط و ضوابط برائے مالی سال 2026-27 اور مندرجہ بالا مذکورہ شرائط پر عمل نہ کرنے کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق تحصیل بڈھ بیر ضبط کر دیا جائیگا اور صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) خیبر پختونخوا سے جمع شدہ سیکیورٹی ضبط کرنے اور بلیک لسٹ کرنے کی سفارش کی جائیگی۔

المشتہر: تحصیل آفیسر (ریگولیشن) ٹی ایم اے، بڈھ بیر، پشاور

بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر، ٹی۔ ایم۔ اے بڈھ بیر، پشاور

INF(P)2563-26 ZERO TOLERANCE TO CORRUPTION

Daily Mashriq

# از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ،بڈھ بیر پشاور

## شرائط نیلامی

1۔ ٹھیکہ وصولی پارکنگ سٹینڈ فیس متنی ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور معیاد ٹھیکہ: ازیکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء ہوگا۔

2۔ یہ کہ لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا یا کسی دوسرے بلدیاتی ادارے کا بقایادار/ نادہندہ E-Auction میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا اور اگر بعد از E-Auction کامیاب بولی دہندہ مقروض ثابت ہوا تو اسکی بولی منسوخ اور زر بیعانہ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور ضبط ہوگا۔

3۔ آن لائن نیلامی میں وہ حضرات/فرم جو سال 27-2026ء کیلئے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ پشاور کے ساتھ متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹر ہوں مقررہ تاریخوں یعنی پیر 22 جون 2026 بوقت صبح 09:00 سے بروز بدھ 24 جون 2026 کو سہ پہر 04:00 بجے تک آن لائن بولی (E-Auction) میں حصہ لے سکتے ہیں۔

4۔ یہ کہ نیلامی میں حصہ لینے سے پہلے بولی دہندہ مبلغ -/32,000 روپے کا کال ڈیپازٹ بحق ٹی ایم اے، بڈھ بیر پشاور جمع کرے گا اور نیلامی کی مقررہ کردہ تاریخوں میں آخری تاریخ سے دودن قبل لوکل کونسل بورڈ/E-Baldia کی ویب سائٹ https://cfmis.lgkp.gov.pk پر اس کی تفصیل درج کریگا۔ ویب سائٹ پر دی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیلات غلط یا جعلی ثابت ہونے کی صورت میں بولی دہندہ بلیک لسٹ کیا جائیگا۔

5۔ آن لائن بولی کا ٹائم ختم ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ اگلے دودن کے اندر اندر (یعنی 25، 26 جون 2026ء) دفتری اوقات کار کے دوران مذکورہ کال ڈیپازٹ کے ہمراہ رجسٹریشن اور قومی شناختی کی مصدقہ نقول ریگولیشن برانچ، TMA بڈھ بیر پشاور میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ آن لائن بولی کے مقرر کردہ وقت ختم ہونے کی اگلے دودن کے اندر اندر (یعنی 25، 26 جون 2026ء) دفتری اوقات کار میں 5% زرضمانت اور 15% پیشگی دفتر ہذا میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر زر بیعانہ بحق سرکار ضبط کیا جائے گا اور کوئی بھی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔

7۔ یہ کہ پارکنگ سٹینڈ فیس متنی کے لیے بولی دہندہ کے پاس کم از کم ۲ کنال اراضی دستیاب ہونی چاہیے اور اسکے دستاویزات زر پیشگی، وزرضمانت کے ساتھ جمع کروانے ہونگے، بصورت دیگر کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کر کے جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کی جائے گی، اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کردیا جائے گا، اس ٹھیکہ کے دوران ٹی ایم اے کو کوئی نقصان ہوا، تو کامیاب بولی دہندہ سے قانون کے مطابق وصولی کی جائے گی۔

8۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو حتمی منظوری ملنے تک یکم جولائی 2026ء سے بولی کی ماہوار رقم کے مطابق روزانہ کے حساب سے رقم جمع کرتا رہے گا۔

9۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ 20% ایڈوانس منہا کیے بغیر ٹھیکہ کا کل زرنیلام گیارہ (11) مساوی اقساط میں ہر ماہ کی آخری تاریخ کو جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ اگر کامیاب بولی دہندہ ماہانہ قسط ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک جمع کرنے میں ناکام رہا تو روزانہ کے حساب 6 تاریخ سے لیکر 10 تاریخ تک 2 فیصد جرمانہ ادا کریگا، اگر کامیاب بولی دہندہ 10 تاریخ تک ماہوار قسط جمع کرنے میں ناکام رہا تو اسے بذریعہ آخری نوٹس متنبہ کیا جائے گا کہ واجب الادا رقوم ادا کرے ناکامی کی صورت میں 15 تاریخ کو ٹھیکہ منسوخ کردیا جائے گا، اور جمع شدہ رقوم بحق ٹی ایم اے بڈھ بیر ضبط کردئے جائیں گے، اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کردیا جائے گا، اس دوران اگر ٹی ایم اے کو کوئی نقصان ہوا، تو کامیاب بولی دہندہ سے قانون کے مطابق وصولی کی جائے گی۔

10۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کی پیشکش منظور ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ کے خرچہ پر سات (7) یوم کے اندر اندر جوڈیشل سٹامپ پیپر جن میں شرائط ٹھیکہ درج ہوگی جس کیلئے کامیاب بولی دہندہ دو (2) شخصی ضمانتی (جو مقامی رہائش پذیر ہو) جس کی ٹھیکہ مالیت کے برابر جائیداد/ اثاثہ جات موجود ہو جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اوّل سے تصدیق شدہ اقرارنامہ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور انجام دینے کا پابند ہوگا۔

11۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ فیس کی وصولی کیلئے اپنا نمائندہ/ آپریٹر مقرر کریگا اور کسی بھی قسم کی جانی و مالی نقصان کا تمام تر ذمہ دار کامیاب بولی دہندہ ہوگا جس سے محکمہ کا کوئی سروکار نہیں ہوگا اور کامیاب بولی دہندہ کے انتظامات کا ایڈمنسٹریٹر، تحصیل آفیسر (ریگولیشن) یا کوئی اور مجاز آفیسر معائنہ کرے گا اور اگر بعد از معائنہ کوئی غلطی پائی گئی تو اس کو فوری طور پر دور کرنا ہوگی۔ کامیاب بولی دہندہ کا فرض منصبی ہوگا جہاں کہیں کامیاب بولی دہندہ کو انتظامیہ کی حتمی امداد کی ضرورت ہو تو مجاز آفیسر/ اتھارٹی قانون کے اندر رہتے ہوئے امداد مہیا کریگا۔

11۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ صوبائی و وفاقی حکومت کی طرف سے انکم ٹیکس و دیگر ٹیکسس جمع کرنے کا پابند ہوگا، اور حکومت کی طرف سے مروجہ ٹیکس پالیسی کے مطابق ٹیکس ادا کریگا۔

12۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ہر قسم نقصان کی صورت میں تمام تر نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا اور دوران ٹھیکہ کامیاب بولی دہندہ کو ہر قسم کا نقصان اٹھانا پڑا تو محکمہ اسے پورا کرنے کا ذمہ دار نہ ہوگا بلکہ باقاعدگی سے کامیاب بولی دہندہ ماہانہ قسط تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر پشاور میں جمع کرنے کا پابند ہوگا اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کی معافی (Remission) کا مطالبہ کریگا۔ اور نہ ہی کسی قسم کا دعوی (Claim) کرنے کا مجاز ہوگا۔

13۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ صوبائی حکومت کے منظور شدہ شیڈول ریٹ کے مطابق فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔ اگر ثابت ہو جائے کہ کامیاب بولی دہندہ شیڈول ریٹ سے زائد شرح وصول کرتا ہے تو محکمہ مجاز ہوگا کہ وصول کردہ ٹیکس / فیس کے برابر گیارہ (11) گنا جرمانہ عائد کی جائے گی۔ اور اگر دوبارہ ایسا کرتے پایا گیا تو ٹھیکہ منسوخ کر کے جمع شدہ رقوم بحق سرکار ضبط کرئے جائیں گے اور اگر اس دوران ٹھیکہ کل مالیت کے مطابق دفتر حوطذا کو کوئی نقصان ہوا تو کامیاب بولی دہندہ کی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے نقصان وصول کیا جائے گا۔

14۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ صرف تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور کی حدود میں وصولی کرنے کا حقدار ہوگا کسی دوسرے کی حدود میں فیس/ ٹیکس وصول کی تو کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کردی جائے گی اور جمع شدہ زرضمانت بحق سرکار ضبط کردی جائے گی۔

15۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ پارکنگ اسٹینڈ میں ہر قسم بلز بجلی، پانی، گیس وغیرہ کی ادائیگی کا خود ذمہ دار ہوگا اور گاڑیوں کو نقصان پہنچنے یا چوری اور آگ لگنے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ

CS CamScanner

خود ذمہ دار ہوگا۔

16۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ٹریفک قوانین کا سختی سے پابندی کریگا اور گاڑیوں کو ایسے طریقے سے پارک کریگا جس سے ٹریفک کی (روانی) آمد ورفت میں کوئی خلل نہ پڑے۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو دوران ٹھیکہ کسی جلسہ یا مذہبی تہوار یا امن وعامہ کی صورت حال کے پیش نظر اگر سٹینڈ بند کرنا پڑا تو اس کی ذمہ داری محکمہ پر نہیں ہوگی اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ محکمہ سے ہرجانے طلب کریگا بلکہ باقاعدگی سے کامیاب بولی دہندہ ماہانہ قسط خزانہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

17۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو دوران ٹھیکہ کسی جلسہ یا مذہبی تہوار یا امن وعامہ کی صورت حال کے پیش نظر اگر نقصان اٹھانا پڑا تو تمام تر نقصان کا ذمہ دار کامیاب بولی دہندہ خود ہوگا بلکہ باقاعدگی سے کامیاب بولی دہندہ ماہانہ قسط خزانہ ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور میں جمع کرنے کا پابند ہوگا اور محکمہ اسے پورا کرنے کا ذمہ دار نہ ہوگا اور نہ ہی بولی دہندہ کسی قسم کی معافی کا مطالبہ کریگا۔ اور نہ ہی کسی قسم کا دعویٰ (Claim) کرنے کا مجاز ہوگا۔

18۔ یہ کہ اگر دوران ٹھیکہ فریقین کے مابین کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو کامیاب بولی دہندہ ایک مہینے کے اندر اندر جناب ریجنل میونسپل آفیسر سے بطور ثالث رجوع کریگا اور ان کا فیصلہ آخری اور حتمی ہوگا جسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا اور دوران تنازعہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے ماہانہ قسط باقاعدگی سے جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

19۔ یہ کہ اگر ٹھیکہ دار مذکورہ شرائط پر عمل نہ کرنے کی صورت میں جمع شدہ رقوم بحق سرکار ضبط کر دیا جائیگا اور صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) خیبر پختونخوا سے جمع شدہ سیکورٹی ضبط کرنے اور بلیک لسٹ کرنے کی سفارش کی جائے گی۔

20۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی حالت میں ٹھیکہ کسی دوسرے شخص یا پارٹی کو سب لیٹ (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہوگا اور خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کامیاب بولی دہندہ کی نقصان (Risk & Cost) پر منسوخ کر دیا جائیگا۔

21۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کی ٹھیکہ کی حتمی منظوری تحصیل کونسل/مجاز افسر حکومت خیبر پختونخوا دے گی۔

22۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ اس چیز کا کوئی دعویٰ نہیں کریگا جسکو تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور اور صوبائی حکومت مستثنیٰ قرار دے۔

23۔ یہ کہ صوبائی حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً جو بھی احکامات صادر ہوئے ہیں یا ہونگے کامیاب بولی دہندہ ان احکامات کا پابند ہوگا۔

24۔ یہ کہ شرائط نیلامی کی عدم تعمیل کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کی وصولی کا حق دار و مجاز نہ ہوگا۔

25۔ یہ کہ حتمی منظوری کے بعد کسی قسم کی گفت وشنید نہ ہوگی۔

26۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بقایادار (Defaulter) ہونے کی صورت میں واجب الادا رقم بذریعہ لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت وصول کی جائیگی۔

27۔ یہ کہ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی لاگو شدہ شرائط وضوابط (Terms & Conditions) جاری کردہ بحوالہ انگریزی چٹھی نمبر: AO-II/LCB/6-11/2026 تاریخ 07 مئی 2026ء کا پابند ہوگا۔

28۔ یہ کہ ایڈمنسٹریٹر/تحصیل میونسپل آفیسر صاحب، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجہ بتانے پر بولی کو مسترد یا رد کردے۔

29۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بولی دینے سے پہلے شرائط پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ان کی پابندی کی جائے گی اور کامیاب بولی دہندہ مذکورہ بالا شرائط پر عمل نہ کرنے کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر ضبط کر دیا جائیگا اور صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) خیبر پختونخوا سے جمع شدہ سیکورٹی ضبط کرنے اور بلیک لسٹ کرنے کی سفارش کی جائے گی۔

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
ٹی۔ایم۔اے، بڈھ بیر پشاور

تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی۔ایم۔اے، بڈھ بیر پشاور

CamScanner